© rasailojaraid.com



# حکمتِ سیّد مودودیؒ

## امیرِ جماعت، مجلسِ شوریٰ اور جملہ عہدہ دارانِ جماعت کی ذمہ داری

(اداریہ)

گذشتہ ۶ روز سے جماعت کے ۲ نہایت ذمہ دار عہدہ داران اِس قسم کے بیان شائع کر رہے ہیں کہ قومی اتحاد کے انضمام کی صورت میں جماعتِ اسلامی اس میں مدغم ہونے کے لیے تیار ہے ۔ یہ بات جماعت کے دستور کے خلاف ہے ۔ ہمارے دستور میں امیرِ جماعت، مجلسِ شوریٰ اور تمام عہدہ دارانِ جماعت تحریکِ اسلامی کو چلانے کے لیے مقرر کیے جاتے ہیں، نہ کہ اس کو ختم کرنے یا کسی جماعت میں ضم کرنے کے لیے ۔ جماعت میں آخری فیصلہ کا اختیار ارکان کے اجتماعِ عام کو ہی حاصل ہے ۔ اس کے فیصلے سے پہلے کوئی شخص بذاتِ خود ایسے اعلانات کرنے کا حق نہیں رکھتا جو جماعت کے مستقل وجود کو ختم کرنے کے ہم معنی ہوں ۔"

(ہفت روزہ معیار، کراچی ۔ مورخہ ۲۷ اگست تا ۳ ستمبر ۔ ص ۷)

---

© rasailojaraid.com